## (SECTION – D) حصّہ – د

24. مندرجہ ذیل صنعتوں میں سے کسی ایک کی تعریف لکھیے اور شعر سے مثال بھی دیجیے : 5

(i) استعارہ (ii) مراعاۃ النظیر

25. دبستانِ لکھنؤ کی اہم خصوصیات تحریر کیجیے۔ 5

یا

فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

## (SECTION – E) حصّہ – ہ

26. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے : 6

(i) سریندر پرکاش (ii) میر امّنؔ (iii) مرزا غالبؔ

27. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شاعر کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے : 6

(i) فراقؔ گورکھپوری (ii) علامہ اقبالؔ (iii) مومن خاں مومنؔ

28. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے : 6

(i) میرا پسندیدہ شاعر (ii) کسی میلے کی سیر (iii) میری اسکول کا سالانہ جلسہ

---

OFFICE COPY

22. مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے : 4

سُن کر زباں سے ماں کی یہ فریادِ درد خیز
اس خستہ جاں کے دل پہ چلی غم کی تیغِ تیز
عالم یہ تھا قریب کہ آنکھیں ہوں اشک ریز
لیکن ہزار ضبط سے رونے سے کی گریز
سوچا یہی کہ جاں سے بے کس گزر نہ جائے
ناشاد ہم کو دیکھ کے ماں اور مر نہ جائے

یا

مندرجہ ذیل غزل کے اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے :

OFFICE COPY

(i) کوئی میرے دل سے پوچھے تیرے تیر نیم کش کو
یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا

(ii) ہستی کو تیرے درد نے کچھ اور کر دیا
یہ فرقِ مرگ و زیست تو کہنے کی بات ہے

23. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے : 4

(i) روضۂ تاج گنج

(ii) شُعاعِ امید

## (SECTION – C) حصہ – ج

20. مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے : 4

غرض آدمی کا شیطان آدمی ہے ! ہر دم کہنے سننے سے اپنا بھی مزاج بہک گیا۔ شراب، ناچ اور جوئے کا چرچا شروع ہوا۔ پھر تو یہ نوبت پہنچی کہ سوداگری بھول کر تماش بینی کا اور دینے لینے کا سودا ہوا۔ اپنے نوکر اور رفیقوں نے جب یہ غفلت دیکھی، جو جس کے ہاتھ پڑا الگ کیا، گویا لُوٹ مچا دی۔ کچھ خبر نہ تھی کتنا روپیہ خرچ ہوتا ہے، کہاں سے آتا اور کدھر جاتا ہے۔ مالِ مُفت دلِ بے رحم۔ اس درخرچی کے آگے اگر گنج قارون کا ہوتا تو بھی وفا نہ کرتا۔

یا

حضرت نے میری گرفتاری کا نیا رنگ نکالا ''بوستانِ خیال'' کے دیکھنے کا دانہ ڈالا۔ مجھ میں اتنی طاقت پرواز کہاں کہ بلا سے اگر پھنس جاؤں، دام پر گر کے دانہ زمین پر سے اٹھاؤں ؟ حضرت، سچ تو یوں ہے کہ تمہارے روزگار نے مجھ کو گھیر لیا ہے، سانس نہیں لے سکتا، اتنا تنگ کر دیا ہے۔ ہر بات سو طرح سے خیال میں آئی، پر دل نے کسی طرح تسلی نہ پائی۔ اب دو باتیں سوچتا ہوں ایک تو یہ کہ جب تک جیتا ہوں، یوں ہی رویا کروں گا – دوسری یہ کہ آخر ایک نہ ایک دن مروں گا۔

OFFICE COPY

21. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے : 4

(i) قول کا پاس

(ii) خط بنام میاں داد خاں سیاح

## (SECTION – B) حصّہ – ب

نوٹ : مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات دو جملوں میں لکھیے :

12. پہلے درویش کو اپنی بہن کے گھر جانے میں شرم کیوں آ رہی تھی ؟ 2

13. منشی پریم چند کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ 2

14. ہوری نے اپنے گھر والوں کو کیا وصیت کی تھی ؟ 2

15. ''دانہ ڈالنا'' محاورے کا مطلب لکھتے ہوئے اُسے جملے میں استعمال کیجیے۔ 2

OFFICE COPY

16. میر انیسؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ 2

17. نظیر اکبرآبادی کی کنہیں دو نظموں کے نام لکھیے۔ 2

18. نظم ''بیادِ اجمیر'' میں مذکور اجمیر کے کنہیں دو شاعروں کے نام لکھیے۔ 2

19. قابلؔ اجمیری کا انتقال کب اور کہاں ہوا ؟ 2

نوٹ : مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے :

2. میر امّن کا پورا نام کیا تھا ؟ 1

3. پریم چند کے والدین نے اُن کا کیا نام رکھا تھا ؟ 1

4. اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا ؟ 1

5. مرزا غالبؔ کے خطوط کے کسی ایک مجموعے کا نام لکھیے۔ 1

6. لفظ ''پُرخار'' کے کیا معنی ہیں ؟ 1

7. ''عوامی شاعر'' کسے کہا جاتا ہے ؟ 1

8. ''نورِ نظر'' کسے کہتے ہیں ؟ 1

نوٹ : مندرجہ ذیل خالی جگہوں میں صحیح جواب بھر کر جملہ پورا کیجیے :

9. ہوری نے اپنے پوتوں سے کہا : سنو - یہ شاید ہماری زندگی کی ______ فصل ہے۔ 1

10. فرزندِ پیمبر کے معنی ______ ہیں۔ 1

11. سورج نے دیا اپنی ______ کو یہ پیغام 1

OFFICE COPY

(vi) ٹھانی تھی دل میں اب نہ ملیں گے کسی سے ہم
پر کیا کریں کہ ہو گئے ناچار جی سے ہم
اس شعر کی ردیف ہے : 1

(A) سے ہم (B) کسی
(C) ملیں گے (D) ناچار

(vii) فراقؔ نے ہاتھ آئی چیز کو کہا ہے : 1

(A) برسات (B) خزانہ
(C) سوغات (D) دولت

(viii) نظیرؔ اکبرآبادی کا اصل نام تھا : 1

OFFICE COPY

(A) شیخ بدرالدین (B) شیخ ولی محمد
(C) شیخ محمد علی (D) شیخ ابراہیم

(ix) اقبالؔ کی شاعری کے مجموعے کا نام ہے : 1

(A) صبحِ وطن (B) خاکِ وطن
(C) آتشِ گل (D) بانگِ درا

(x) ''بیادِ اجمیر'' نظم کے شاعر کا نام ہے : 1

(A) قابلؔ اجمیری (B) ساحرؔ لدھیانوی
(C) مولانا حالیؔ (D) فیض احمد فیضؔ

## حصّہ – الف (SECTION – A)

نوٹ : سوال نمبر 1 کے سبھی معروضی سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں ایک ساتھ ہی لکھیے۔

1. مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے دیے گئے چار جوابات میں سے صحیح جواب کو اپنی کاپی میں لکھیے :

1 (i) مرشدوں کی حضوری میں حاضر تھا :

(A) پہلا درویش (B) دوسرا درویش

(C) تیسرا درویش (D) چوتھا درویش

1 (ii) فورٹ ولیم کالج کے اردو شعبے کے صدر تھے :

(A) جان ولیم (B) جان گلکرسٹ

(C) جان پیٹر (D) جان جیمس

OFFICE COPY

1 (iii) رگھوپت سنگھ کے کتنے بیٹے تھے ؟

(A) ایک (B) دو

(C) تین (D) چار

1 (iv) ہوری کی ایک چوتھائی فصل کس نے کاٹی تھی ؟

(A) مہاجن نے (B) پڑوسی نے

(C) بجوکا نے (D) ڈاکو نے

1 (v) لفظ ''مصوّر'' کے معنی ہیں :

(A) مورتی بنانے والا (B) برتن بنانے والا

(C) زیور بنانے والا (D) تصویر بنانے والا

नामांक Roll No.

No. of Questions : 28

No. of Printed Pages : 8

**SS-22 - Urdu Sah.**

# URDU SAHITYA

## SENIOR SECONDARY EXAMINATION-2021

**Time : 3¼ Hours**

**Maximum Marks : 80**

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہرسوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

OFFICE COPY

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vi) ہرسوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

(vii) ہرسوال کے جواب کے لیے کل مقررہ نمبر مندرجہ ذیل ترتیب کے مطابق ہیں :

| حصے | مختلف سوالات کی تعداد | مقررہ نمبر فی سوال | کل مقررہ نمبر |
|---|---|---|---|
| الف (A) | 1(i – x), 2 – 11 = 11 | 1 | 20 |
| ب (B) | 12 – 19 = 8 | 2 | 16 |
| ج (C) | 20 – 23 = 4 | 4 | 16 |
| د (D) | 24 – 25 = 2 | 5 | 10 |
| ہ (E) | 26 – 28 = 3 | 6 | 18 |